## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اورصدرآصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت

## مختلف قومی اموراور پاکستان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## دونوں رہنماؤں کا نیٹوفورسز کی جانب سے پاکستان کی چیک پوسٹوں پرحملوں کی شدید مذمت،حملوں میں شہید ہونے والے پاک فوج کےافسروں اورجوانوں کوخراج عقیدت

لندن۔۔۔28،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور صدرمملکت آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی ۔دونوں رہنماؤں کے درمیان مختلف قومی امور اور پاکستان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے نیٹوفورسز کی جانب سے پاکستان کی چیک پوسٹوں پرحملوں کی شدیدمذمت کی اورحملوں میں شہید ہونے والے پاک فوج کے افسروں اورجوانوں کوخراج عقیدت پیش کیا۔دونوں رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان ایک آزاداورخودمختار ملک ہےاورامریکہ اورنیٹوسمیت تمام ممالک کو پاکستان کی قومی سلامتی اورخودمختاری کااحترام کرناچاہیے۔صدرآصف زرداری نے پاک فوج پر نیٹوفورسز کے حملے کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے''یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان'' منانے اوراس موقع پرملک بھرمیں قومی پرچم لہرانے کا زبردست خیرمقدم کیااوراس پر جناب الطاف حسین کومبارکباد پیش کی۔صدرمملکت نے کہا کہ اس وقت ملک کودرپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے اسی قومی جذبےاوراتحادویکجہتی کی ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم زندہ مندقوم ہیں اورہم پاکستان کی سلامتی وخودمختاری پرایسے کسی بھی حملے کو برداشت نہیں کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے دفاع اورسلامتی کیلئے پوری قوم اپنی مسلح افواج اوردفاعی اداروں کے ساتھ ہے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی سیاسی صورتحال پربھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## امریکی ونیٹوافواج کے مسلح حملے کےخلاف نائن زیروپر''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کی مرکزی تقریب

## تقریب کےشرکاءنےقومی نغمےلگائےاورپاکستان زندہ بادکےنعرےلگائے

کراچی:۔۔۔28،نومبر 2011ء

مہمندایجنسی میں پاکستان کی فوجی چوکی پرامریکی ونیٹوافواج کے مسلح حملےاوراس کے نتیجے میں پاک فوج کے درجنوں افسران وجوانوں کےشہیدوزخمی ہونے کے واقعہ کیخلاف پیرکی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد پر''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کی مرکزی تقریب منعقدہوئی جس میں پاکستان کی مسلح افواج کیساتھ بھرپوریکجہتی کااظہارکیا گیا۔تقریب میں مختلف قومیتوں سےتعلق رکھنے والے افراد،ایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان وحق پرست عوام کےعلاوہ خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستارنے خطاب کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس احمدخانی،رابطہ کمیٹی کے دیگراراکین،حق پرست سینیٹر،حق پرست وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔تقریب کے شرکاءنےصرف پاکستان کے سبزہلالی پرچم اٹھارکھے تھےجنہیں وہ لہراکراور پاکستان زندہ باد کےنعرے لگاکروطن عزیز کی سلامتی،خودمختاری،سالمیت اوراس کےتحفظ کیلئے اپنے جذبات واحساسات کااظہارکرتے رہے۔تقریب کے شرکاءنے''اے راہِ حق کے شہیدوں وفا کی تصویروں''''جیوےجیوے پاکستان''''اس پرچم کے سائے تلےہم ایک ہیں ہم ایک ہیں''''میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے''''سوہنی دھرتی اللہ رکھےقدم قدم آباد تجھے''''دل دل پاکستان جاں جاں پاکستان''اوردیگرملی وقومی نغمے گائے اور پاکستان زندہ باد، پاکستان بنایا تھا پاکستان بچائیں گے''''قائد کےفرمان پرجان بھی قربان ہے''نعرہ الطاف جئے الطاف''نعرہ متحدہ جئے متحدہ''اوردیگرفلک شگاف نعرےبھی لگائےجن کا سلسلہ کافی دیرتک جاری رہا۔تالیوں کی گونج میں ملی وقومی نغمے گاتے اور پاکستانی پرچم لہراتے ہوئےتقریب کےشرکاء کے چہرےواضح طورپرحب الوطنی کے جذبے سے سرشاردکھائی دیئے۔ان کا کہنا تھا کہ آج ثابت ہوگیاہے کہ ایم کیوایم کاایک ایک کارکن کڑے،برےاورآزمائش کے وقت میں مسلح افواج کے ساتھ ہےاوران کا یہ عزم ہے کہ وہ ملک کے دفاع اورسالمیت پر حملے میں کسی طرح بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔''قوم یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کی تقریب کاباقاعدہ آغاز شام 5 بجے تلاوت کلام پاک سے کیا گیا تلاوت کی سعادت محمداویس نے حاصل کی۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستارنےتقریب کےشرکاء سے خطاب کیااورملک کےعوام،کارکنان اورتقریب کےشرکاءکوکامیاب''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' منانے پرقائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سےدلی مبارکباد پیش کی۔تقریب کااختتام پاکستان کاقومی ترانہ پڑھ کرکیا گیا۔

## آزاد کشمیر کے وزیراعظم چوہدری عبدالمجید کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو

## ایم کیوایم کی جانب سے یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان منانے کا زبردست خیرمقدم کرتے ہیں۔ چوہدری عبدالمجید

لندن۔۔۔28،نومبر 2011ء

آزادکشمیر کے وزیراعظم چوہدری عبدالمجید نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو کی اور پاکستان کی سیکوریٹی فورسز پر نیٹو کے حملے کے خلاف ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان منانے اور ملک بھر میں قومی پرچم لہرانے کا زبردست خیرمقدم کیا۔ چوہدری عبدالمجید نے کہا کہ آزادکشمیر کے عوام بھی یوم یکجہتی اور استحکام پاکستان کی بھرپورحمایت کرتے ہیں اوراس معاملے پر اپنے پاکستانی بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ وزیراعظم چوہدری عبدالمجید نے مسئلہ کشمیر کیلئے بھرپورآواز بلند کرنے اور کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم آزادکشمیر نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ کشمیری عوام میں آپکے خلاف بہت منفی پروپیگنڈہ کیا گیا لیکن آپ نے ہرموقع پر کشمیری عوام کیلئے آواز بلند کی اوراب بھی جبکہ مقبوضہ کشمیر میں مظلوم کشمیریوں پرظلم ہورہا ہے آپ نے ایک قومی لیڈر ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے مظلوم کشمیریوں کیلئے جس طرح کھل کرآواز بلند کی ہے اور کشمیریوں سے جس یکجہتی کا اظہار کیا ہے اس پر میں دل کی گہرائیوں سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم آزادکشمیر کے خیالات کا خیرمقدم کیا اور کہا کہ یہ وقت انتشار اور نفاق کا نہیں بلکہ اتحاد اور یکجہتی کا تقاضہ کرتا ہے اور ایم کیوایم اسی کیلئے کوشاں ہے۔

## افواج پاکستان کے ساتھ ساتھ پاکستان کے عوام بھی وطن عزیز کے دفاع کی صلاحیت رکھتے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## نائن زیرو عزیز آباد قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے کی مرکزی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔28،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کے ساتھ ساتھ پاکستان کے عوام بھی یہ صلاحیت رکھتے ہیں اگر ملک کی بقاء وسلامتی، ملک کی آزادی اور خودمختاری پر کوئی حملہ ہوگا تو طالع آزماؤں، حملہ آوروں کو منہ کی کھانی پڑے گی، ایم کیوایم کے تحت آج پوری قوم نے کامیاب ''یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان'' منا کر ثابت کردیا ہے کہ پاکستان کے عوام بڑی سے بڑی جارحیت کا بھی منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے پیر کی شام ''قومی یکجہتی و استحکام پاکستان ڈے'' کے سلسلے میں نائن زیرو عزیز آباد پر منعقدہ مرکزی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد خانی، رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین، حق پرست سینیٹر، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔تقریب کے شرکاء نے ملکی وقومی نغمے گا کر اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر مسلح افواج سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آج قائدتحریک الطاف حسین کی اپیل پر پوری قوم نے ایک کامیاب اور تاریخی یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان منایا اس کامیاب اور تاریخی یوم یکجہتی واستحکام پاکستان منانے پر میں قائدتحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے پاکستانی قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ دوروز قبل امریکی ونیٹو فورسز کی جانب سے پاکستان کی آزادی اور خودمختاری پر حملہ کیا گیا، افواج پاکستان کے 24 سے زائد اہلکار اور افسران شہید ہوئے، قائدتحریک الطاف حسین نے اس واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی آج یوم یکجہتی اوراستحکام پاکستان کے حوالے سے پوری قوم نے جس طرح سبز ہلالی پرچم لہرا کر اپنے بلند حوصلوں اور ایک زندہ قوم ہونے کا ثبوت دیا ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ پوری قوم کی جانب سے پاکستان کی آزادی اور خودمختاری پر حملے کی مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اس مرحلہ پر جب کہ ملک ایک کٹھن آزمائش دور سے گزر رہا ہے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے بھی اپیل کی اور کہا کہ پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کیلئے پوری قوم کو سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنانے کیلئے ہمیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر پوری قوم کو متحد کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اہلیان پاکستان اور پاکستان کے ایک ایک شہری کو یہ یقین دلایا کہ پاکستان کی غیرت وحمیت، عزت ووقار کی خاطر اور دفاع کو مضبوط بنانے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم افواج پاکستان اور افواج پاکستان کے وہ اہلکار وافسران جنہوں نے وطن کی حفاظت اور دفاع کیلئے جام شہادت نوش کیا انہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کیجانب سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اوران کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ اور پاکستان کے عوام فوج کے شانہ بشانہ ہیں، فوج آزمائش کی اس گھڑی میں خود کو تنہا نہ سمجھے، آج پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ ہے اور ہمارا پیغام بہت واضح ہے اور جناب الطاف حسین نے اس سانحہ کے فوراً بعد یہ پیغام دیا کہ ہم فوج کے شانہ بشانہ ہے یہ سبز ہلالی پرچم جو ہماری غیرت، حمیت عزت ووقار کی علامت ہے

جس جارحیت اور یزیدیت کا مظاہرہ ہوا ہے، اور جو بیرونی جارحیت ہوئی میں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ پاکستان کو کمزور کرنے اور غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے یہ اپیل کی کہ کارکنان وعوام اپنے گھروں، دفاتر اور ٹرانسپورٹ پر سبز ہلالی پرچم لہرائیں تو ایک سازش اور ہوئی اور یکم محرم کو کراچی میں دو واسکاؤٹس کو شہید کیا گیا اور یہاں کراچی کو غیر مستحکم کرنے اور بدامنی پھیلانے کی سازش کی گئیں یہ سازش اندرونی چیلنج ہے اور ان عناصر پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے جو اندرونی طور پر غیر مستحکم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کل کے سانحہ کا مقصد بھی یہی تھا کہ قومی یکجہتی کیلئے جو اپیل کی گئی ہے اسے ناکام بنایا جائے یہ بھائی کو بھائی سے لڑانے کی سازش تھی، شاید محرم کے مہینے میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش تھی لیکن شاباش ہے عوام کو کہ انہوں نے جناب الطاف حسین کی اپیل پر سازشی عناصر کی اس سازش کو ناکام بنایا۔

## ایم کیوایم کے زیر اہتمام کراچی سمیت ملک بھر میں ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کے موقع پر تقاریب کا انعقاد

کراچی۔۔۔28، نومبر 2011ء

ایم کیوایم کے زیر اہتمام کراچی سمیت ملک بھر میں آج ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' بھرپور جوش وخروش سے منایا جارہا ہے اس سلسلے میں ملک بھر میں ایم کیوایم کے تحت تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، واسع جلیل، ڈاکٹر صغیر، حق پرست صوبائی وزراء، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ایم کیوایم کے ہزاروں ہمدرد عوام نے پاکستانی پرچم کے ہمراہ شرکت کی جبکہ تقاریب میں پرچم کشائی بھی کی گئی۔ ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کی تقاریب کے شرکاء ''پاکستان زندہ باد'' اور امریکی ونیٹو افواج کی کھلی جارحیت کے خلاف فلک شگاف نعرے بھی لگارہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ایم کیوایم کے تحت لانڈھی کی بسم اللہ چورنگی، کورنگی نمبر 1، ملیر میں مظفر آباد کھوکھراپار، شاہ فیصل، گلستان جوہر میں جوہر چورنگی، اسکیم 33 میں تھانہ گلزار ہجری، گلشن اقبال میں ڈسکو بیکری، پی آئی بی کالونی میں تین ہٹی، لائینز ایریا میں خداداد چورنگی، سوسائٹی میں سندھی مسلم سوسائٹی کی مین چورنگی، محمود آباد میں قلندری چوک، ڈیفنس میں دھلی کالونی، برنس روڈ میں فریسکو چوک، رنچھوڑ لائن میں سیکٹر آفس، لیاری میں اللہ مہر چوک، پاک کالونی میں ولایت آباد نمبر 1، بلدیہ ٹاؤن میں قطیبی چوک رانگڑ محلّہ، قصبہ علی گڑھ میں قذافی چوک، اورنگی ٹاؤن میں مدینہ کالونی، سرجانی ٹاؤن میں KDA فلیٹ، نیو کراچی، نیو کراچی میں الیون ایف، نارتھ کراچی میں مکہ چوک یوپی موڑ، نارتھ ناظم آباد تقی پلازہ بلاک جے، ناظم آباد گلبہار میں ناظم آباد چورنگی سرسید کالج، لیاقت آباد میں ڈاکخانہ، فیڈرل بی ایریا میں واٹر پمپ چورنگی کے علاوہ ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت شہر کے مضافاتی علاقوں جبکہ ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت اورنگی ٹاؤن کرسچن کالونی غازی آباد چرچ روڈ، گڈاپ ٹاؤن میں ہندو گوٹھ، تیسر ٹاؤن، گلشن اقبال میں پیر کالونی، ایوب گوٹھ، عیسیٰ نگری، ملیر ٹاؤن میں برف کارخانہ، لیلی ٹاؤن، گلبر ٹاؤن میں نعمت کالونی میں ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کی تقاریب منعقد ہوئیں۔ کراچی کی طرح اندرن سندھ میں ایم کیوایم حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، لاڑکانہ، گھوٹکی، دادو، بدین، عمرکوٹ، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، جامشورو، ٹھٹھہ پر بھی ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کی تقاریب منعقد ہوئیں بعدازاں تقریب کے شرکاء نے مقامی پریس کلب پر پہنچے جہاں انہوں نے امریکی اور نیٹو افواج کی کھلی جارحیت کی بھرپور انداز میں مذمت کی، صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم لاہور، گوجرنوالہ، ملتان، فیصل آباد اور پنڈی زون پر پرچم کشائی کی تقاریب منعقد ہوئیں جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک اور ایم کیوایم ملتان زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی اسی طرح بلوچستان میں کوئٹہ، نصیر آباد، آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے مظفر آباد، میرپورخاص، راولاکوٹ، باغ اور ایبٹ آباد زون جبکہ گلگت بلتستان میں ہری پور بٹگرام میں پرچم کشائی کی تقاریب منعقد ہوئیں جن میں ذمہ داران و کارکنان اور حق پرست عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء پاکستان کی سرحد پر امریکی ونیٹو افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں پاک فوج کے افسران وجوانوں کے شہید وزخمی ہونے کے خلاف ایم کیوایم کے زیر اہتمام خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں پشاور، صوابی، مردان، چارسدہ، ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں، ٹانک، لکی مروت، ہری پور، ایبٹ آباد، بٹگرام اور مانسہرہ، فاٹا پاراچنار ''میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے تقریب منعقد کی گئی جس میں پاکستانی پرچم لہرایا گیا جبکہ کارکنان وذمہ داران اور عوام نے کثیر تعداد میں تقریب میں قومی پرچم کے ہمراہ شرکت کی۔ بعدازاں تقریب کے شرکاء پاراچنار پریس کلب پہنچے جہاں انہوں نے امریکی ونیٹو افواج کے مسلح حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور پاک فوج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کے موقع پرایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر پیر کی صبح پاکستانی پرچم لہرایا گیا

## پرچم کشائی کی تقریب میں اسکول کے بچوں اور بچیوں کی خصوصی شرکت، وہ پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے

کراچی۔۔۔28،نومبر 2011ء

ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' کے سلسلے میں پیر کی صبح ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر پاکستانی پرچم لہرایا۔ پرچم کشائی کی تقریب میں اسکولوں کے بچے اور بچیوں نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی جو والہانہ انداز میں ''پاکستان زندہ باد'' کے نعرے لگا رہے تھے اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں امریکی ونیٹو افواج کی جانب سے پاکستانی سرحد پر بلا اشتعال فائرنگ کے خلاف مذمتی بینرز بھی اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد، گلفراز خٹک، جاوید کاظمی اور واسع جلیل بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے تحت خیبر پختونخواہ (فاٹا) پاراچنار میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان جوش وخروش سے منایا گیا

## تقریب میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور عوام نے قومی پرچم کے ہمراہ شرکت کی اس موقع پر پاکستان کا پرچم بھی لہرایا گیا

پاراچنار۔۔۔28،نومبر 2011ء

پاکستان کی سرحد پر امریکی ونیٹو افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں پاک فوج کے افسران وجوانوں کے شہید وزخمی ہونے کے خلاف ایم کیوایم کے زیر اہتمام خیبر پختونخوا (فاٹا) پاراچنار ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں پاراچنار میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے تقریب منعقد کی گئی جس میں پاکستانی پرچم لہرایا گیا جبکہ کارکنان وذمہ داران اور عوام نے کثیر تعداد میں تقریب میں قومی پرچم کے ہمراہ شرکت کی۔ بعد ازاں تقریب کے شرکاء پاراچنار پریس کلب پہنچے جہاں انہوں نے امریکی ونیٹو افواج کے مسلح حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور پاک فوج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے علاقائی ذمہ دار سکندر میر اور ہمدرد ناصر خان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔28،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلشن اقبال کے علاقے میں گزشتہ روز مسلح افراد کی فائرنگ سے ایم کیوایم گلگت بلتستان کے علاقائی ذمہ دار سکندر میر اور ایم کیوایم کے ہمدرد ناصر خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی سکندر میر اور ناصر خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور شہداء کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## جناب الطاف حسین کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے عملی کاشوں کو ہر سطح پر قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، مولانا اسد دیو بندی، علامہ فرقان حیدر عابدی

کراچی۔۔۔28،نومبر 2011ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے معروف عالم دین مولانا اسد دیو بندی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے ممتاز عالم دین علامہ فرقان حیدر عابدی سے ملاقاتیں کیں اور محرم الحرام کے مقدس مہینے میں ان سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور اراکین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں مولانا اسد دیو بندی اور علامہ فرقان حیدر عابدی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کی جانب سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور قیام امن کیلئے عملی کاوشوں کو ہر سطح پر نہ صرف سراہا جاتا ہے بلکہ ان اقدامات کو قدر کی نگاہ سے بھی دیکھا جاتا ہے۔ علمائے کرام نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور اپنے درمیان سازشی عناصر پر کڑی نگاہ رکھیں۔ اس موقع پر علمائے کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## آزاد کشمیر کے رہائشی فرخ الطاف نامی شخص کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔28، نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آزاد کشمیر کے رہائشی فرخ الطاف نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فرخ الطاف نامی شخص کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ شخص ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے جعلسازی کے کاموں میں ملوث ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں متحدہ لائرز فورم ہائی کورٹ بار کراچی اور لیگل ایڈ کمیٹی کے تحت سٹی کورٹ میں پرچم لہرانے کی تقریب منعقد کی گئی

### وکلاء برادری سے تعلق رکھنے والے افراد، ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج وکمیٹی کے ارکان سمیت دیگر کی شرکت

کراچی:۔۔۔28 نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام یوم یکجہتی واستحکام کے سلسلے میں متحدہ لائرز فورم کی جانب سے ہائی کورٹ بار کراچی اور لیگل ایڈ کمیٹی کے تحت سٹی کورٹ میں پرچم لہرانے کی تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج وکمیٹی کے دیگر ارکان، ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان سمیت وکلاء برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر شرکاء نے پاکستان کی سرحد پر امریکی ونیٹو افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں پاک فوج کے افسران وجوانوں کے شہید وزخمی ہونے پر شدید مذمت کی اور پاکستان کی مسلح افواج کے ساتھ یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا۔بعدازاں انہوں نے پاکستان کی بقاء وسلامتی وترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 23 دسمبر 2011ء کو ملتان میں کے جلسے سے جناب الطاف حسین خطاب کریں گے، رضا ہارون

### ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کی ملتان زون کے ذمہ داران کے ساتھ ملتان پریس کلب میں پریس کانفرنس

ملتان:۔۔۔28 نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر سندھ رضا ہارون نے رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ اور رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 23 دسمبر 2011 بروز جمعۃ المبارک اسپورٹس گراؤنڈ، کچہری چوک ملتان میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کرے گی جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔اس حوالے سے مزید بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جلسے کے اجازت نامے کے لئے رابطہ کمیٹی نے ڈی سی او ملتان کو آج درخواست جمع کرادی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم میڈیا کے ذریعے پاکستان کے نوجوانوں، بزرگوں، ماؤں بہنوں اور خصوصی طور پر طلباء و طالبات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس جلسہ میں شریک ہوکر اسے یادگار بنائیں اور استحکام پاکستان اور استحکام جمہوریت کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت بجلی و پانی کی لوڈشیڈنگ، مہنگائی، کرپشن اور روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی جیسے دیگر بحرانوں کا شکار ہے، ان تمام بحرانوں کو سامنے رکھتے ہوئے وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کی نوجوان نسل آگے بڑھے اور جلسے میں شامل ہوکر الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے ہاتھ مضبوط کرے تاکہ اس ملک میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سرمایہ دارانہ اور موروثی نظام سیاست سے نجات حاصل کرکے غریب ومتوسط طبقے کے اقتدار کی راہ ہموار کی جاسکے۔انہوں نے کہا صحیح معنوں میں ایم کیو ایم ہی اس ملک کے غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے افراد کو ایوانوں میں بھجوا کر ایک نیا کلچر متعارف کروایا۔اور پاکستان بھر کے تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق ایم کیو ایم میں شامل ہورہے ہیں۔اور وہ وقت دور نہیں جب ایم کیو ایم پاکستان سے اس لوٹ مار کے نظام کو ختم کرکے متوسط و مڈل کلاس کا نظام رائج کرے گی کیونکہ؛ متوسط طبقے کی قیادت ہی ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے۔اس موقع پر رضا ہارون نے کہا کہ ہم پاکستانی افواج پر نیٹو فورسز کی بلااشتعال فائرنگ اور اس کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر نیٹو فورسز کے اس عمل پر شدید احتجاج کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کی اپیل پر ایم کیو ایم کے زیر اہتمام پاکستان میں ''یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' منایا گیا جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے کارکنان ہر مشکل کی گھڑی میں افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور انشاء اللہ کھڑے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ آج ہم اپنے گھروں اور دفاتر پر قومی پرچم لہرا کر ملک دشمن قوتوں کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہمارے آپس میں چاہے جتنے سیاسی و مذہبی اختلافات کیوں نہ ہوں لیکن جب بات وطن عزیز کے دفاع کی ہوگی تو یہ قوم رنگ ونسل، فرقہ واریت اور قومیتوں کے فرق کی تمیز کئے بغیر وطن عزیز کی افواج کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہو

گی۔انہوں نے کہا کہ اس وقت تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے تمام تر سیاسی اختلافات کو بھلا کر استحکام پاکستان کے لئے متحد ہونے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی بھی ہمارے ملک کی طرف میلی نگاہوں سے نہ دیکھ سکے۔صحافیوں کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے رضا ہارون نے کہا کہ جنوبی پنجاب کو صوبہ بنانے کے حوالے سے سب سے پہلے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے آواز بلند کی تھی اور آئندہ مستقبل میں بھی جب جب مظلوم وغریب عوام کی محرومیوں کا ذکر ہوگا، جب بھی عوام کے مسائل کے حل کے لئے انتظامی بنیادوں پر صوبہ بنانے کا مطالبہ کیا جائے گا تو ایم کیو ایم حق کا ساتھ دے گی۔انہوں نے کہا کہ جب پارلیمنٹ میں غریب ومتوسط طبقے کے نمائندے موجود ہونگے تب اس ملک میں تبدیلی آ جائے گی۔اور تبدیلی کی ضرورت آج ہے، اگر آج نہیں جاگیں گے تو پھر کبھی نہیں ہو پائے گا، آج پاکستانی عوام کو لوٹا کھسوٹا جا رہا ہے۔ووٹ کی طاقت سب سے بڑی طاقت ہے اور ہم عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ اپنا اور اپنے بچوں کا مستقبل بدلنے کے لئے اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کریں۔ہم یہ نہیں چاہتے کہ آپ ایم کیو ایم میں شامل ہوں بلکہ اپنے میں سے ایسے نمائندے کو منتخب کرائیں جو آپ کے حقوق پورے کرسکیں۔آخر میں انہوں نے صحافی حضرات کا شکریہ بھی ادا کیا۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملتان میں ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کے موقع پر ملتان زون آفس شاہ رکن عالم کالونی وگھنٹہ گھر چوک میں قومی پرچم کشائی کی تقریبات کا انعقاد

ملتان:۔۔۔28نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملک بھر سمیت ملتان میں '''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کے موقع پر ملتان زون آفس واقع شاہ رکن عالم کالونی اور گھنٹہ گھر چوک ملتان میں قومی پرچم کشائی کی تقریبات منعقد کی گئیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج محمد حسین واراکین کمیٹی سمیت ملتان زون کے قائم مقام انچارج رائے خالد محمود ودیگر ذمہ داران وکارکنان موجود تھے۔اس موقع پر پارٹی پرچم کو سرنگوں کر کے قومی پرچم کو لہرایا گیا اور ملک کی سلامتی واستحکام کی لئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، رکن قومی اسمبلی وسیم اختر، ملتان زون کے قائم مقام انچارج رائے خالد محمود ودیگر ذمہ داران کے ہمراہ ملتان کینٹ میں افواج پاکستان کے شہداء کی یادگار پر حاضری دی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ لاکھوں شہداء کی قربانیوں کے نتیجے میں معرض وجود میں آنے والے وطن عزیز کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور شہداء کو درجات کو بلند فرمائے اور ان کے اہلخانہ کو صبر جمیل عطاء کرے، آمین۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے زیر اہتمام ملتان پریس کلب کے سامنے ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کے حوالے سے افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کی گئی۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، صوبائی تنظیمی کمیٹی اور ملتان کے انچارج اور ذمہ داران وکارکنان کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

## عوام وکارکنان محمد عقیل کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعا کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔28نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد عقیل کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نواجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اللہ تعالی کے حضور محمد عقیل کی جلد ومکمل صحت یابی کے لئے خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ محمد عقیل ان دنوں کراچی کے مقامی اسپتال میں انتہائی انگہداشت میں زیر علاج ہے۔

## الطاف حسین کی اپیل پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے بھرپور انداز میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان منایا گیا

حیدرآباد۔۔۔28نومبر 2011ء

مہمند ایجنسی میں سلالہ چیک پوسٹ پر نیٹو اور امریکی فورسز کے بلااشتعال حملے اور پاکستانی فوجیوں کو شہید کرنے کے خلاف ایم کیو ایم کے قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے بھرپور انداز میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان منایا گیا اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی اور حق پرست ارکان اسمبلی نے زونل آفس پر قومی پرچم کی پرچم کشائی کی اور استحکام پاکستان کیلئے خصوصی دعاؤں کی گئی جبکہ ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے تمام سیکٹرز و یونٹس کی جانب سے یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں شہر لطیف آباد اور قاسم آباد کے مختلف علاقوں، حیدر چوک، قلعہ چوک، لبرٹی مارکیٹ، ہیرآباد، کچہ قلعہ، کھوکھر محلّہ، کوہ نور چوک، بھائی، خان چاڑی، دوقبر، گلشاہ بخاری، لیاقت کالونی، اسلام آباد، پھلیلی، پریٹ آباد، نورانی بستی، تلک چاڑی، فقیر کا پڑھ، گجراتی پاڑہ، حالی روڈ لطیف آباد یونٹ نمبر ۲، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱ اور ۱۲ قاسم آباد سمیت شہر بھر میں میں کارکنان اور مختلف تاجر و سماجی تنظیموں کی جانب سے بڑی تعداد میں گھروں، دوکانوں، تنظیمی دفاتر کے علاوہ گلیوں، چوراہوں، گاڑیوں پر بڑی تعداد میں پر قومی پرچم لہرائے گئے اور حیدرآباد کے اراکین زونل کمیٹی نے مختلف سیکٹرز کی جانب سے مختلف چوراہوں پر قومی پرچم کی پرچم کشائی کی گئی۔ اسکے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے تمام سیکٹرز کی جانب سے کارکنان وعوام کی بڑی تعداد نے قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر نیٹو اور امریکی فورسز کی پاکستانی چیک پوسٹ پر حملے اور پاکستانی فوجیوں کو شہید کرنے کے خلاف ریلی نکالی گئی تمام ریلیاں شہر کے مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی حیدرآباد پریس کلب پر جمع ہوئیں۔ ریلی کے شرکاء ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز، پلے کارڈز ایم کیو ایم کے پرچم اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اٹھائے ہوئے تھے اسکے علاوہ بینرز اور پلے کارڈز پر نیٹو اور امریکی فورسز کی پاکستانی چیک پوسٹ پر حملے اور پاکستانی فوجیوں کو شہید کرنے کے خلاف مذمتی نعرے اور پاکستان کے استحکام اور خودمختاری کے حق میں اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے ساتھ ساتھ اس حملے میں شہید ہونے والوں افسران اور جوان کے اہل خانہ سے تعزیت و ہمدردی پر مبنی کلمات درج تھے ریلی کے شرکاء نے نعرے لگا رہے تھے ریلی کے حیدرآباد پریس کلب پہنچا کر اختتام پذیر ہوئی۔

## قائد تحریک الطاف حسین بھائی کا ہر سپاہی اپنی جان کا نظرانہ دینے کیلئے تیار ہیں، نثار پنہور
## یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب

سکھر:۔۔۔29نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر میں بھی نیٹو کے حملوں کے خلاف یوم یکجہتی واستحکام پاکستان منایا گیا اس موقع پر زون آفس اور یونٹ آفسوں پر قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کی ہدایت پر پاکستانی پرچم لہرائے گئے اس کے علاوہ شہر کے مختلف بازاروں میں دوکانوں اور چوراہوں پر قومی پرچم لگائے گئے شہر میں دن بھر قومی پرچم کے ساتھ مختلف یونٹوں سے کارکنان اور ہمدرد ریلیوں کی شکل میں زون آفس پر جمع ہوتے رہے بعدازاں متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون آفس پر پرچم کشائی ہوئی جس میں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار پہنور بھائی اور سکھر زون کے جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام بھائی واراکین زونل کمیٹی نے شرکت کی اس موقع پر مختلف یونٹوں سے آئے ہوئے کارکنان اور ہمدردوں سے خطاب کرتے ہوئے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار پہنور بھائی اور سکھر زون کے جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام بھائی نے کہا کہ ہم پاکستان افواج کے ساتھ ہیں اور اس ملک کی بقا کیلئے قائد تحریک الطاف حسین بھائی کا ہر سپاہی اپنی جان کا نظرانہ دینے کیلئے تیار ہیں ہم بھلے کسی زبان وکسی بھی مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہوں اور چاہے کسی بھی پارٹی کے کارکن ہوں ہم کو چاہے کہ ہم ملک کی بقا کیلئے ساری چیزیں پیچھے چھوڑ کر ایک ہو جائیں اور صرف پاکستانی بن کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے زیر اہتمام ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' بھرپور قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔28نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر پاکستان کی سرحدوں پر امریکی اور نیٹو فورسز کے بلااشتعال حملے اور پاکستانی سیکورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کی شہادتوں اور زخمی کرنے کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے زیر اہتمام ''یوم یکجہتی واستحکام پاکستان'' بھرپور قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ ''یوم یکجہتی و استحکام پاکستان'' کے سلسلے میں شہر کے مختلف اہم شاہراہوں اور چوراہوں، یونٹ آفسز اور زونل آفس پر سبز ہلالی پرچم اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی سے متعلق بینرز آویزاں کئے

گئے۔جب کہ شہر کے مختلف چوراہوں پر ایکوساؤنڈ کے ذریعے ملی نغموں کی جھنکار نے عوام کے دلوں میں حب الوطنی کے جذبے کو بھرپور طریقے سے اجاگر کر دیا۔مختلف یونٹس کی جانب سے شہر کی معروف شاہراہوں، چوراہوں اور اسکولوں میں قومی پرچم کی پرچم کشائی کا اہتمام کیا گیا جس میں زونل انچارج سید محمد علی شاہ وارا کین زونل کمیٹی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جبکہ ایم کیوایم زونل آفس سے ملحقہ عمارت پر 400x200 فٹ کا جہازی سائز پرچم بھی عوام کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کے سلسلے میں ایم کیوایم زونل آفس کے سامنے سے ریلی نکالی گئی جس میں ہزاروں بزرگوں، خواتین، بچوں اور نوجوانوں سمیت انجمن تاجران کے وفد نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں قومی پرچم اور مذمتی بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔جبکہ پر جوش نوجوان ریلی کے دوران پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور نیٹو افواج کی جارحیت کے خلاف نعرے لگاتے رہے۔ریلی کی قیادت اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق جمیل درانی، زونل انچارج سید محمد علی شاہ وارا کین زونل کمیٹی نے کی۔ٹنڈوالہ یار پریس کلب کے سامنے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے زونل انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا کہ نیٹو افواج کی جانب سے پاکستانی سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں پر بزدلانہ حملہ پوری پاکستانی قوم پر حملے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کا اجتماع ظلم وبربریت کا بازار گرم کرنے والوں کے لئے نوشتہء دیوار کی حیثیت رکھتا ہے۔

## قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے اس ملک میں قومی یکجہتی کو فروغ دیا،عظیم دانش

## میرپورخاص زون کے تحت "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ مختلف یونٹس اور یوسیز میں تقریب سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔28 نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے تحت "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" میرپورخاص زون میں انتہائی جوش وخروش کیساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں میرپورخاص زون کے مختلف یونٹس اور یوسیز میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم لہرانے کی تقریبات منعقد کی گئی جس میں حق پرست ممبر صوبائی اسمبلی فہیم الطافی، میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش وزونل کمیٹی کے دیگر اراکین ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر تقریب سے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایک محبّ وطن جماعت کے کارکن ہے اور ہمیں ملک پر آنیوالے کسی بھی بری گھڑی اور نازک وقت میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔انہوں کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے اس ملک میں قومی یکجہتی کو فروغ دیا اور ملک میں بسنے والی تمام اکائیوں کو ایک متفقہ پلیٹ فارم میں دیا تا کہ بکھری ہوئی قوم کو ایک لڑی میں پرویا جا سکے کیونکہ ایک متحد قوم ہی دنیا میں عزت اور وقار حاصل کرسکتی ہے۔انہوں نے مہمند ایجنسی میں امریکی اور نیٹو فورسز کی جانب سے پاکستانی سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور پاکستان کی افواج پاکستان سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## بدین میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب

بدین:۔۔۔28 نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ بدین زون کی جانب سے یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں پرچم لہرانے کی تقریب بدین زون میں منعقد کی گئی۔اس سلسلے میں یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے موقع پر بدین زونل آفس، تمام سیکٹرز ویونٹس آفسوں پر پاکستان کا قومی پرچم لہرائے گئے، جبکہ بدین زون کے ذمہ داران، سیکٹرز کمیٹیوں کے ذمہ داران، یونٹس کے ذمہ داران اور کارکنان نے اپنے گھروں اور شہر کے مختلف چوکوں پر پاکستانی پرچم لہرائے اور بینرز آویزاں کئے گئے۔اور پاکستان کی مسلح افواج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔اس موقع پر زونل انچارج بدین زون کے انچارج عقیل الدین اور اراکین زونل کمیٹی، کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بدین زون کے انچارج عقیل الدین نے کہا کہ ہم پاکستان کی مسلح افواج کو یقین دلاتے ہیں کہ پوری پاکستانی قوم اور ایم کیوایم کے کارکنان سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح آپ کے ساتھ ہیں اور ہم پاکستانی مسلح افواج پر حملے کو پاکستان کی خودمختاری پر حملہ سمجھتے ہیں۔انہوں نے پاکستانی عوام خصوصاً متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان پاکستانی مسلح افواج پر نیٹو اور امریکی حملے کی شدید مذمت کی اور اس کے نتیجے میں افواج پاکستان کے افسران اور اہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## مسلح افواج کے حوصلے بلند ہیں اور انشاءاللہ دنیا کہ کوئی طاقت پاک فوج پر سبقت نہیں دے سکے گی، ریافت اقبال

## ایبٹ آباد زن کی جانب سے "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب

ایبٹ آباد:۔۔۔۔28 نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ ایبٹ آباد زن کی جانب سے "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" کے سلسلے میں تقریب کا ایبٹ آباد زون میں انعقاد کیا گیا،اس سلسلے میں ایبٹ آباد زون کے مختلف یونٹس میں قومی پرچم لہرائے لگائے گئے تھے اور بینرز آویزاں کئے گئے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے رکن ریافت اقبال ایبٹ آباد زون کے انچارج وا راکین ،صوبائی دفاتر اور یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی کمیٹی کے رکن ریافت اقبال نے پاکستان کی مسلح افواج کی جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج کے حوصلے بلند ہیں اور انشاءاللہ دنیا کہ کوئی طاقت پاک فوج پر سبقت نہیں دے سکے گی،ہمیں اپنی افواج پر فخر ہے اور ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ چلیں گے،اس عزم کا ایک بار نہیں ایک ہزار بار کریں گے۔انہوں نے امریکی نیٹو کے افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں شہید ہونیوالے افواج پاکستان کے افسران واہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر شدید الفاظ میں مذمت کی اور ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے تمام کارکنان افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہے،ایم کیوایم دادوزون

## یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب

دادو:۔۔۔۔28 نومبر 2011

متحدہ قومی موومنٹ دادوزون کے تحت "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" سلسلے میں دادوزون میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔جس میں قائم مقام زونل انچارج بابر عباسی،اراکین زونل کمیٹی،ذیلی یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان اور عوام نے بھرپور انداز میں شرکت کی،اس سلسلے میں دادو کے مختلف یونٹوں اور شہروں میں قومی پرچم لہرائے گئے تھے جبکہ شہر کی بڑی شاہراہوں پر بینرز آویزاں کئے گئے۔اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دادوزون کے انچارج نے کہا کہ پاکستانی افواج پر حملہ پاکستانی کی خودمختاری پر حملہ ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہے اور ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم اور پوری پاکستانی قوم مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔انہوں نے امریکی نیٹو کے افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں شہید ہونیوالے افواج پاکستان کے افسران واہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر شدید الفاظ میں مذمت کی اور ان کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## افواج پاکستان اپنے وطن کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہے،آصف سومرو

## قمبر شہدادکوٹ کے زیر اہتمام "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" کے سلسلے میں منعقدہ پرچم لہرانے کی تقریب سے خطاب

قمبر شہدادکوٹ:۔۔۔۔28 نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ قمبر شہدادکوٹ کے زیر اہتمام "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" کے سلسلے میں قمبر شہدادکوٹ میں پرچم لہرانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ کے مختلف یونٹوں اور شہر کے مختلف علاقوں میں قومی پرچم لہرائے گئے اور شہر کی شاہراہوں اور مارکیٹوں میں بینرز آوایزں کئے گئے تھے۔تقریب میں ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے انچارج آصف سومرو واراکین یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان سمیت ایم کیوایم ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مبر شہدادکوٹ کے زونل انچارج آصف سومر نے کہا کہ افواج پاکستان اپنے وطن کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہے اور جب کوئی مشکل وقت وطن پر پڑا تو ایم کیوایم کے کارکنان اور پوری قوم ان کے ساتھ ہیں۔انہوں نے امریکی نیٹو کے افواج کے مسلح حملے اور اس کے نتیجے میں شہید ہونیوالے افواج پاکستان کے افسران واہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر شدید الفاظ میں مذمت کی اور ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے تحت ’’یوم یکجہتی واستحکام پاکستان‘‘ کے سلسلے میں زونل آفس راولپنڈی کا جنرل ہیڈکوارٹر کے باہر مظاہرہ

راولپنڈی۔۔۔۔28،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے زیراہتمام ’’یوم یکجہتی واستحکام پاکستان‘‘ کے سلسلے میں ایم کیوایم زونل آفس راولپنڈی دفتر کی جانب سے پاکستان کی سرحد پر امریکی اور نیٹو فورسز کے بلااشتعال حملے، پاک فوج کے افسران وجوانوں کو شہید وزخمی کئے جانے کے واقع کے خلاف آج راولپنڈی جنرل ہیڈکوارٹر کے باہر پاک فوج اور حملہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے افسران واہلکاروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ایک عظیم الشان مظاہرہ کیا گیا،جس میں حق پرست سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر زاہد ملک، طاہر کھوکھر،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ارشد سبیل،اراکین زونل کمیٹی راولپنڈی زونل، کارکنان اورعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر زاہد ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی مئومنٹ پر پاکستان توڑنے اور جناح پور بنانے جیسے گھٹیا الزامات بھی لگائے گئے مگر میں پوری قوم کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی فوج اور پاکستان کی خودمختاری وسلیت پر کسی بھی قسم کی آنچ آئی تو الطاف حسین کے سپاہی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونگے،ہم ہر مشکل گھڑی میں پاک فوج کے ساتھ ہے، پاکستان کی داخلی خودمختاری پر کوئی بھی ضرب برداشت نہیں کی جائیگی،اس موقع پر کارکنان وعوام نے پاکستان کی خودمختاری اور سلیت پر حملے کے خلاف پاکستانی پرچم لہرائے کر بھرپور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔

☆☆☆☆☆